# DIRECTORATE OF EDUCATION GNCT OF DELHI

## MID TERM PRACTICE QUESTION PAPER

SESSION 2025-26

CLASS - IX

SUBJECT URDU-B

Time : 3 Hrs

MM : 80

عام ہدایات

1۔ اِس سوال نامے میں کُل 14 سوالات ہیں

2۔ سبھی سوالات لازمی ہیں

3۔ جواب تحریر کرتے وقت اُس کے سوال کا نمبر ضرور درج کریں۔

4۔ جواب تحریر کرتے وقت خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

Section (A) حصہ (الف) عبارت فہمی اور شعر فہمی

سوال 1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح جوابات لکھیے۔ 5x1=5

حکیم عبدالحمید ہندوستان کی عظیم شخصیتوں میں تھے۔ اُن کی زندگی کا سب سے بڑا مقصد ملک و قوم کی خدمت تھا۔ حکیم صاحب 1908 میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ جب وہ 13 سال کے تھے اُن کے والد حکیم عبدالمجید کا انتقال ہو گیا۔

ہندوستان کا مشہور ہمدرد دواخانہ انھیں کا قائم کیا ہوا ہے۔ پرانی دہلی کے علاقے لال کنواں میں آج بھی یہ دواخانہ قائم ہے۔ اس دواخانے سے لاکھوں مریض شفا پا چکے ہیں۔ یونانی دواؤں کو عام کرنے کے لئے حکیم صاحب نے دواسازی کی ابتدا کی اور دیکھتے ہی دیکھتے 'ہمدرد' میں بننے والی دواؤں کی مانگ دنیا بھر میں ہونے لگی۔

(i) حکیم عبدالحمید کس ملک کی عظیم شخصیتوں میں تھے؟

(A) دبئی (B) ہندوستان (C) سعودیہ عربیہ (D) نیپال

(ii) حکیم صاحب کب پیدا ہوئے؟

(A) 1902 (B) 1912 (C) 1908 (D) 1910

(iii) ہندوستان کے مشہور دواخانے کا نام کیا ہے؟

(A) شمع (B) ریکس (C) ہمدام (D) ہمدرد

(iv) لال کنواں کہاں ہے؟

(A) نئی دہلی (B) پرانی دہلی (C) مہرولی (D) نظام الدین

(v) کن دواؤں کو عام کرنے کی ابتداء حکیم صاحب نے کی؟

(A) ایلوپیتھی (B) یونانی (D) ہومیوپیتھی (D) منجکانی

یا

ساہا 16 اکتوبر 1893ء کو سیوراتالی ضلع ڈھاکا میں پیدا ہوئے
جو اب بنگلہ دیش میں ہے۔ اُن کے والد کی ایک معمولی سی پرچون
کی دکان تھی جس سے گھر کا خرچ مشکل سے نکلتا تھا۔ اس
لئے وہ چاہتے تھے کہ اُن کا پانچواں بچہ میگھ ناد بچپن سے ہی
گھر کے لئے کچھ کمانا شروع کر دے۔ لیکن میگھ ناد کے استادوں
نے اصرار کیا کہ وہ میگھ ناد کو تعلیم ضرور دلائیں کیونکہ وہ
بہت ہونہار اور ذہین طالب علم تھے۔ آخر گاؤں سے گیارہ
میل دور ایک بورڈنگ اسکول میں انھیں داخل کرا دیا گیا۔
کالج کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ساہا کلکتہ یونیورسٹی کے سائنس
کالج میں فزکس کے لکچرر ہو گئے۔

(i) ساہا کہاں پیدا ہوئے تھے؟
(A) دہلی میں (B) لکھنو میں
(C) سیوراتالی میں (D) بھوپال میں

(ii) ساہا کس مضمون کے لکچرر تھے؟
(A) جغرافیہ کے (B) تاریخ کے
(C) ریاضیات کے (D) فزکس کے

(iii) ساہا کب پیدا ہوئے؟
(A) 1893 میں (B) 1839 میں
(C) 1895 میں (D) 1897 میں

(iv) ڈھاکہ کس ملک کا شہر ہے؟
(A) ہندوستان کا (B) بنگلہ دیش کا
(C) نیپال کا (D) چین کا

(v) ساہا کس کالج میں لکچرر تھے؟
(A) ممبئی کالج میں (B) لکھنو کالج میں (C) سائنس کالج میں (D) جاپان کالج میں

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل شعری (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے $5 \times 1 = 5$
اور اُس سے متعلق سوالات میں متبادل جوابات کا انتخاب کیجیے

بھر گئیں ہیں آج گھر گھر کام سے
چل پڑا دنیا کا چکر کام سے

جن کو اپنے فرض کا احساس ہے
دل لگاتے ہیں وہ اکثر کام سے

کاہلی تو جان لیوا روگ ہے
زندگی ہوتی ہے بہتر کام سے

(i) گھر گھر میں کس چیز سے بھر گئیں ہیں ؟
(A) دولت (B) شہرت (C) کام (D) گھروالے

(ii) کام سے کس کا چکر چل پڑا ؟
(A) زمانے کا (B) مالک کا (C) دنیا کا (D) ملک کا

(iii) جن کو اپنے ________ کا احساس ہے ۔
(A) گھر (B) فرض (C) کام (D) ہُنر

(iv) کاہلی کیسا روگ ہے ؟
(A) برا (B) خطرناک (C) جان لیوا (D) لاعلاج

(۷) کام سے زندگی کیسی ہو جاتی ہے؟

(A) بلند (B) اچھی (C) بہتر (D) آسان

یا

شان کی فکر ہے نہ آن کی ہے
اب مجھے فکر امتحان کی ہے
پڑھ رہا ہوں کتاب محنت سے
ہوں گا میں کامیاب محنت سے
فرسٹ آنا ہے مجھ کو اب کی بار
کچھ دکھانا ہے مجھ کو اب کی بار
اپنی محنت کی لاج رکھنی ہے
کل کی بنیاد آج رکھنی ہے

(i) شاعر نے سال بھر کس کی تیاری کی ہے؟

(A) کھیل کی (B) سفر کی (C) امتحان کی (D) شادی کی

(ii) شاعر محنت سے کیا پڑھ رہا ہے؟

(A) کتاب (B) اخبار (C) پوسٹر (D) رسالہ

(iii) "ہوں گا میں ________ محنت سے" (مصرع مکمل کیجیے)

(A) مہتاب (B) آفتاب (C) کامیاب (D) خراب

(iv) شاعر کو کس کی فکر ہے؟

(A) آن کی (B) شان کی (C) امتحان کی (D) دولت کی

(v) شاعر کس کی لاج رکھنا چاہتا ہے؟

(A) دولت کی (B) شہرت کی (C) محنت کی (D) عزت کی

سوال 3۔ مندرجہ ذیل درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح متبادل جوابات لکھیے 5X1=5

زیادہ تر جانوروں کو پودوں سے غذا ملتی ہے۔ کچھ جانور ایسے بھی ہوتے ہیں جو دوسرے جانوروں کا شکار کر کے اُن کا گوشت کھاتے ہیں۔ جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔ چرندوں سے فائدہ ہے کہ وہ جنگل کے پیڑ پودے کو کھاتے رہتے ہیں۔ اگر ایسا نہ ہو تو جنگل اتنے گھنے ہو جائیں کہ اُن میں روشنی، ہوا اور پانی کی کمی ہو جائے اور پیڑ پودے مر جائیں۔ دوسری طرف اگر درندے نہ ہوں تو چرند اتنے ہو جائیں گے کہ سارا کا سارا جنگل کھا کر ختم کر دیں گے۔ چڑیاں جنگلوں کے لیے ضروری ہیں۔ اس لیے کہ اُن کی وجہ سے کیڑے مکوڑے کم ہوتے رہتے ہیں۔

(i) زیادہ تر جانوروں کو کس چیز سے غذا ملتی ہے؟

(A) گوشت سے (B) پودوں سے (C) سورج سے (D) ہوا سے

(ii) دوسرے جانوروں کا شکار کرنے والے کون سے جانور ہیں ؟

(A) بھیڑ بکری (B) طوطا مینا (C) شیر چیتا (D) بندر لنگور

(iii) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(A) بہادر شاہ کا ہاتھی (B) چڑیا گھر کی سیر (C) جنگل کی زندگی

(D) احسان کا بدلہ احسان

(iv) پرندے کیا کھاتے ہیں ؟

(A) دال (B) سوکھی روٹی (C) گوشت (D) پیڑ پودے

(v) جنگل میں روشنی، ہوا اور پانی کی کمی ہونے سے کون مر جائیں گے ؟

(A) جانور (B) پرندے (C) پیڑ پودے (D) درندے

سوال 4۔ مندرجہ ذیل شعری (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور $5X1=5$
اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح متبادل جوابات لکھیے

برا کام کوئی نہ ہرگز کرو تم
بری بات ہرگز نہ منہ سے کہو تم
صداقت کے رستے پہ سیدھے چلو تم
کرو عہد تو اس پہ قائم رہو تم
ارے پیارے لڑکو بہادر بنو تم

خطا ہو گئی تو نہ اُس کو چھپاؤ　　نہ جھوٹے بہانے کبھی تم بناؤ

کہاں چھپتے پھرتے ہو میداں میں آؤ　　جو استاد پوچھے وہ سچ سچ بتاؤ

ارے پیارے لڑکوں بہادر بنو تم

(i) کس چیز کو چھپانا نہیں چاہیے

(A) دولت　(B) صلاحیت　(C) خطا　(D) سچ

(ii) "صداقت" کے معنی بتایئے؟

(A) وعدہ　(B) سچائی　(C) غلطی　(D) آرام

(iii) اُستاد کے پوچھنے پر کیسے بتانا چاہیے؟

(A) اچھا اچھا　(B) برا برا　(C) سچ سچ　(D) کڑوا کڑوا

(iv) شاعر کس سے بہادر بننے کے لیے کہہ رہا ہے؟

(A) مردوں سے　(B) انسانوں سے　(C) لڑکوں سے　(D) لڑکیوں سے

(v) شاعر کے مطابق ہمیں کیسی بات نہیں کہنی چاہیے؟

(A) بُری بات　(B) سیدھی بات　(C) اچھی بات　(D) کڑوی بات

حصہ (ب) تحریری مہارت　Section (B)

سوال 5۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

(A) یوم اساتذہ (B) سفر کے حالات (C) قومی تہوار

(D) میرے والدین

سوال 6۔ دوست کی بہن کی شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام دو دن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 5

یا

اپنی چھوٹی بہن کو خط لکھ کر اُسے پڑھنے کی تاکید کیجیے۔

سوال 7۔ پریم چند کے حالات زندگی اور اُن کے طرزِ تحریر پر ایک نوٹ لکھیے 5

یا

درسی کتاب میں دیے گئے سبق احسان کا بدلہ احسان یا بہادر شاہ کا ہاتھی کا خلاصہ لکھیے۔

سوال 8۔ اسمٰعیل میرٹھی یا اختر شیرانی کے حالات زندگی اور اُن کی شاعرانہ خصوصیت پر روشنی ڈالیے 5

یا

ہندو مسلمان یا ایک پودا اور گھاس میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے۔

Section (C) عملی قواعد (ج) حصہ

سوال ۹۔ نیچے لکھے ہوئے معروضی سوالات میں سے صرف آٹھ (8) کے صحیح جوابات لکھیے۔ 8X2=16

(i) 'دعوے باز' کیا ہے

(A) ضمیر (B) اِسم (C) لاحقہ (D) سابقہ

(ii) 'پرندے' کا واحد ہے

(A) درندہ (B) چرندہ (C) پرندہ (D) پرندوں

(iii) کرسی، اسکول، کتاب اور قلم کس کی مثالیں ہیں؟

(A) فعل (B) صفت (C) اِسم (D) ضمیر

(iv) گُل کا مترادف بتائیے؟

(A) صدا (B) پھول (C) دنیا (D) تعریف

(v) "عامر کے دانت موتیوں کی طرح چمکتے ہیں" مثال ہے

(A) استعارہ کی (B) اِسم کی (C) تشبیہ کی (D) فعل کی

(vi) 'عزت' کا متضاد بتائیے؟

(A) آسان (B) ذلت (C) کامیابی (D) اتفاق

(vii) نیچے لکھے ہوئے لفظوں میں جمع کی پہچان کیجیے۔

(A) جنگل (B) پرندہ (C) جھاڑیاں (D) اونٹ

(viii) لفظ 'چڑا' کی مونث بتایئے

(A) چوڑی (B) چڑیا (C) چرندہ (D) پرندہ

(ix) قاسم ایک اچھا لڑکا ہے۔ وہ پابندی سے اسکول جاتا ہے۔ اس جملے میں ضمیر کی نشاندہی کیجیے۔

(A) اسکول (B) اچھا (C) پابندی (D) وہ

(x) 'بد اخلاق' کیا ہے

(A) لاحقہ (B) ضمیر (C) سابقہ (D) متضاد

سوال 10۔ درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے 4X1=4

(i) نظر بچانا

(ii) چہرہ شرم سے سرخ ہونا

(iii) سدھ نہ رہنا

(iv) حق مارنا

Section (D) ادب (د) حصہ

سوال 11۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے 3x2=6

(i) ریڈ کراس سوسائٹی کے مقاصد کیا ہیں؟

(ii) دکان دار کو گھوڑے کے دام کس طرح وصول ہوئے؟

(iii) مولا بخش کے پاس بچے کیوں آتے تھے؟

سوال 12۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔ 2x1=2

(i) 'اوس' کے مصنف کون ہیں؟

(ii) گھوڑے نے گھنٹہ کس طرح بجایا؟

سوال 13 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے 2x2=4

(i) کامرانی کا راز کیا ہے؟

(ii) مرلی کے گاتے وقت کس طرح کا ماحول تھا؟

سوال 14 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے 3x1=3

(i) نظم "ہندو مسلمان کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(ii) سورج نرائن مہر کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(iii) 'ایک پودا اور گھاس' کس کی نظم ہے